| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | کے جی | **موضوع:** | دوچشمی ’ھ‘ | **دن:** | پہلا |

| **حاصل سبق** | **طریقہ تدریس** | **وقت 40 منٹ** | **وسائل** | **جانچ** |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ دوچشمی ’ھ‘ کو پہچان سکیں۔ دوچشمی کی آواز کی پہچان سکیں اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید سیاہ پر مختلف الفاظ لکھ کران کی پڑھائی کروائی جائے گی (بابا، باغ، جالا، آب، پانچ، امی، ابو) وغیرہ۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو دوچشمی ’ھ‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>بچوں کو دوچشمی ھ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا یہ دوچشمی ’ھ‘ ہے۔اس کو دو آنکھوں والی ھ کہا جاتا ہے۔ جب اسے دو حروف کے ساتھ ملا کر لکھا جاتا ہے تو وہ بھاری حروف بن جاتے ہیں۔ جیسا، بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، ڑھ، کھ، گھ، باری باری تمام بھاری حروف کے فلیش کارڈز بچوں کو دکھا کران کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو تختہ سفید/سیاہ پر دوچشمی ھ لکھنا بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ لائن کے اوپر ترچھی لائن بنا کر ایک آنکھ نیچے اور دوسری اوپر بنائی جائے تو دوچشمی ’ھ‘ بن جاتا ہے بچوں سے ہوا میں دوچشمی ’ھ‘ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر دوچشمی ’ھ‘ بنانے کو کہا جائے گا۔ ریتلی تھالی پر، دوچشمی ’ھ‘ بنانے کی مشق کی جائے گی۔ بچوں سے کاپی میں دوچشمی ’ھ‘ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر دوچشمی ’ھ‘ بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 59 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br>20 منٹ<br><br><br><br>5 منٹ | ’ھ‘ کا فلیش کارڈ<br>بھاری حروف<br>فلیش کارڈز<br><br><br><br><br><br><br><br><br>پلے ڈو ریتلی<br>تھالی<br>کاپی ورک<br><br><br>کتاب صفحہ نمبر<br>59 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا دوچشمی ’ھ‘ کی پہچان اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | 'بھ' بھاری حرف | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'بھ' کی پہچان کرسکیں۔ آواز پہچان سکیں الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر دوچشمی 'ھ' بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ کل ہم نے دوچشمی 'ھ' کے بارے میں پڑھا تھا۔آج ہم دوچشمی 'ھ' کو حرف 'ب' سے ملا کر اس کی آواز اور الفاظ جانیں گے۔حرف 'بھ' کا فلیش کارڈ دکھاتے ہوئے آواز کی درست ادائیگی کیجیے۔طلبا سے دہرانے کے لیے کہیے۔سب بچوں کو ہاتھ میں ایک کاغذ(A4 آدھا) دیجیے اور ایک اپنے منھ کے سامنے آدھا پکڑ لیں۔معلّمہ 'ب' کی آواز لگائے گی پھر 'بھ' کی بچوں کو کاغذ کو غور سے دیکھنے کی ہدایت کی جائے گی۔'ب' پر کاغذ نہیں ہلے گا مگر 'بھ' پر کاغذ میں ہلکی سی حرارت محسوس ہوگی۔بچوں کو بتائیے کہ 'بھ' بولتے وقت ہم اپنے منھ میں ہوا بھرتے ہیں جبکہ 'پ' بولتے وقت ایسا نہیں ہوتا۔بچوں سے اب یہ سرگرمی کرنے کو کہیے اور ہر بچے کی ادائیگی درست کروائیے۔بچوں کو بھ کے الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بھکاری ، بھوسہ ، بھیڑیا ، بھیڑ ، بھالو۔تختہ سیاہ /سفید پر 'بھ' لکھ کر بچوں کو لکھائی کی مشق کروائیے۔بچوں کو اپنے ساتھ ہاتھ اُٹھا کر ہوا میں لکھنے کو کہیے کا عمل بار بار کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کپڑے کے تھیلے میں بھ کے الفاظ کارڈز ڈالیں بچوں کو قالین پر بیٹھنے کو کہا جائے گا۔ہر بچہ باری باری تھیلے میں سے ایک فلیش کارڈ نکالے گا۔'بھ' کی آواز بتائے گا اور لفظ پڑھ کر سنائے گا۔بچوں کو رنگین پنسل دے کر پہلے دیے گئے کاغذ پر 'بھ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 60 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے 'بھ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔بچوں کے ساتھ مل کر 'بھ' کے الفاظ کی بلند خوانی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے 'بھ' کی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھاری آواز 'بھ' کا فلیش کارڈ<br>الفاظ کے فلیش کارڈز<br>A4 سائز کا غذ کا آدھا حصہ ہر بچے کے لیے<br>کپڑے کا تھیلا<br>رنگین پنسلیں<br>کتاب صفحہ نمبر 60 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'بھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | 'بھ' بھاری حرف | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'بھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ 'بھ' کے الفاظ کے توڑ کر سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے 'بھ' کی آواز اور فلیش کارڈ دکھا کر اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'بھ' کی آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'بھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ مصوتے کون سے حروف ہیں۔ جوابات لینے کے بعد تختہ سیاہ/سفید پر ا، و، ی، ے لکھ کر ان کی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ 'بھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سفید/سیاہ پر لکھا جائے گا بچوں سے ہوا میں بھا، بھو، بھی، بھے لکھنے کو کہا جائے گا۔ بھا، بھو، بھی، بھے کی بلند خوانی کی جائے گی۔ 'بھ' کے الفاظ (بھالو، بھائی، بھاری، بھاگا) کے فلیش کارڈ تختہ سفید/سیاہ پر چسپاں کر کے بچوں کو توڑ کرنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ مثلاً<br>بھالو = بھ + ا + ل + و مختلف الفاظ کے توڑ کی مشق کروایئے۔ | 10 منٹ | 'بھ' کا فلیش کارڈ 'بھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'بھ' کے الفاظ کے فلیش کارڈز اور 'بھ' کے فلیش کارڈز کے ساتھ حروف کے فلیش کارڈز دے کر الفاظ کے توڑ تلاش کرنے کو کہا جائے گا بچوں کی نگرانی کی جائے گی اور درست الفاظ بنانے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 62 کھولنے کو کہا جائے گا۔ کتاب میں دیئے گئے جملے تختہ سیاہ/سفید پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروایئے۔ بچوں کو ان الفاظ سے مزید جملے بنانے کی حوصلہ افزائی کریں نیچے دیے گئے الفاظ تختہ سفید پر لکھ کر پڑھائی کروایئے۔ فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھایئے پھر صفحے کا کام (توڑ) اپنی نگرانی میں کروایئے توڑ کروانے سے پہلے بچوں سے الفاظ پڑھوا کہ دیکھیے کہ وہ درست پڑھ رہے ہیں یا نہیں۔ | 20 منٹ | حروف فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 62 | |
| | **اختتامیہ:** بھا، بھو، بھی، بھے کے فلیش کارڈز دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 61 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 61 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف پھ کی پہچان کر سکیں آواز پہچان سکیں الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھ کے الفاظ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بھاری حرف 'پھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر آواز کی درست ادائیگی کی جائے گی۔ کاغذ پر 'پ' اور 'پھ' کی آواز کی مشق کروایئے اور یاد دلوایئے کہ پھ بولتے ہوئے ہم منہ میں ہوا بھرتے ہیں مگر 'پ' بولتے وقت ایسا نہیں ہوتا بچوں سے یہ سرگرمی کروایئے اور ہر بچے کی ادائیگی درست کروایئے۔ بچوں کو 'پھ' کے الفاظ کی تصاویر دکھایئے۔ (پھیپھڑے، پھاوڑا، پھاٹک، پھل اور پھول) چند اور الفاظ متعارف کروایئے مثلاً پھاڑنا، پھسل، پھٹنا، پھیکا، پھپھکی وغیرہ۔ ان الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیا جائے گا۔ تختہ سیاہ پر بڑا کر کے 'پھ' لکھا جائے گا بچوں سے ہوا میں 'پھ' بنانے کی مشق کروائی جائے گی یہ عمل تین سے چار مرتبہ دہرایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر 'پھ' بنانے کو کہا جائیگا ہر بچے کو باری باری دیکھیے کہ وہ درست سمت میں 'پھ' بنا رہے ہیں۔ تختہ سیاہ پر 'بھ اور پھ' کے الفاظ مکس کر کے چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری تختہ سیاہ پر بُلا کر الفاظ پڑھنے کو کہا جائے گا جب جب 'پھ' کا لفظ آئے گا تو بچے تالی بجائیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 65 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو 'پھ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ بچوں کے ساتھ مل کر 'پھ' کے الفاظ کی بلند خوانی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'پھ' کی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھاری حرف 'پھ' کا فلیش کارڈز<br>'پھ' کی تصاویر اور الفاظ فلیش کارڈز<br>پلے ڈو<br>بھ اور پھ کے الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 65 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'پھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | بھاری حرف 'پھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'پھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں پھ کو پیش اور و کے ساتھ لکھ سکیں جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں سے 'پھ' کی آواز اور فلیش کارڈز دکھا کر اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'پھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'پھ' کو مصوتے (ا، و، ی، ے) سے ملا کر پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ پھ کے الفاظ کے جوڑ اور جملوں کی پڑھائی کریں گے۔ طلباء کو فلیش کارڈز کے ذریعے ا، و، ی، ے کا ساتھ ملا کر پڑھنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ :بھ ا ، :بھ و ، :بھ ی ، :بھ ، ے<br>ان دو حرفی الفاظ کو تختہ سفید / سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں سے میز پر: بھا ، : بھو ، : بھی، : بھے لکھنے کو کہا جائے گا۔ 'پھ' کے الفاظ (پھول، پھوٹ، پھوار) کے فلیش کارڈز تختہ سیاہ / سفید پر چسپاں کر کے بچوں کو جوڑ کرنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ مثلاً پھو + ل = پھول بچوں سے پھ کے اوپر والی علامت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ انھیں بتایا جائے گا کہ یہ 'پیش' ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا یہاں ہم پھ کو پیش اور 'و' کے ساتھ پڑھنا اور لکھنا جانیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سفید بورڈ دے کر پھ کی تصاویر دکھائی جائیں گی بچے اس کا نام بتائیں گے اور پھر اس کے توڑ سفید بورڈ پر لکھیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 67 کھولنے کو کہا جائے گا۔ پھ کو 'پیش' اور 'و' کے ساتھ ملا کر لکھوایا جائے گا۔ لکھوانے سے پہلے الفاظ پڑھوا کر دیکھیے کہ وہ درست پڑھ رہے ہیں یا نہیں۔ کتاب میں دیئے گئے جملے تختہ سفید / سیاہ پر لکھ کر اونچی آواز میں پڑھیے۔ دوبارہ سے جملہ پڑھیے اور بچوں سے 'پھ' والے والفاظ پر تالی بجانے کو کہیے بچوں سے جملے پڑھوایئے۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے پھ کے الفاظ پوچھیے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 66 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھاری حرف 'پھ' کا فلیش کارڈز 'پھ' کی تصاویر اور الفاظ فلیش کارڈز<br>پلے ڈو<br>بھ اور پھ کے الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 67<br>کتاب صفحہ نمبر 66 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حرف 'پھ' کی آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |